**01-07-2024**
**21.15 Hrs**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

-----------------------------------

Music

-----------------------------------

☆ صدر جمہوریہ کے خطاب پر بحث کے دوران لوک سبھا میں ایک مخصوص کمیونٹی پر راہل گاندھی کے بیان پر شور شرابہ ہوا۔ حزب اقتدار نے اُن پر کمیونٹی کی توہین کرنے کا الزام لگایا۔ راہل گاندھی نے الزامات کو مسترد کردیا ہے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اگنی ویر اسکیم سے متعلق، اپوزیشن کے لیڈر پر ایوان کو گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ تین فوجداری قوانین ملک میں انتہائی جدید فوجداری عدلیہ کے نظام کی راہ ہموار کریں گے۔

☆ بھارت اور پاکستان نے، ایک دوسرے کے ملک میں زیر تحویل شہری قیدیوں اور ماہی گیروں کی فہرستوں کا تبادلہ کیا ہے۔

☆ جنوب مغربی مانسون راجستھان، ہریانہ اور پنجاب کے مزید حصوں میں پیشرفت کر رہا ہے۔

☆ اور خواتین کی کرکٹ میں، چنئی میں، بھارت نے جنوبی افریقہ کو دس وکٹ سے شکست دی۔

-----------------------------------

(Music)

-----------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Par Motion of Thanks**

آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں، لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث ہوئی۔ بحث میں شرکت کرتے ہوئے BJP کے رکن پارلیمنٹ انوراگ سنگھ ٹھاکر نے گذشتہ دس سالوں میں حکومت کے ذریعے مختلف شعبوں میں کئے گئے اقدامات کی ستائش کی۔ انھوں نے کہا کہ سرکار نے عوام کی بہبود اور معیشت کی نمو کیلئے مختلف اقدامات کئے ہیں۔ اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے NEET امتحانات میں مبینہ بے ضابطگیوں، اگنی ویر اسکیم، منی پور میں شورش، نوٹ بندی، بڑھتے ہوئے افراطِ زر،

کسانوں کے معاملات اور دیگر معاملات اٹھائے۔ اپنی تقریر کے دوران، راہل گاندھی نے ایک مخصوص کمیونٹی کے بارے میں اظہارِ رائے کیا جس پر وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے اعتراض کیا۔

S/B 2100 Amit Shah

بعد میں، راہل گاندھی نے واضح کیا کہ اُن کا بیان کسی مخصوص کمیونٹی کے خلاف نہیں تھا بلکہ اِس کا اشارہ BJP کی جانب تھا۔ اگنی ویر اسکیم کے بارے میں بات کرتے ہوئے راہل گاندھی نے الزام لگایا کہ اگر کوئی اگنی ویر اپنے فرائض کی ادائیگی میں اپنی جان گنوا دیتا ہے تو اُسے شہید کا درجہ نہیں حاصل ہوتا۔ اِس پر اعتراض کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ راہل گاندھی ایوان کو گمراہ کر رہے ہیں۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ حکومت اُس اگنی ویر کے خاندان کو ایک کروڑ روپئے کی مالی امداد فراہم کر رہی ہے جو فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جان قربان کردیتے ہیں۔

S/B Rajnath Singh

پنچایت راج کے مرکزی وزیر اور JDU کے لیڈر راجیو رنجن سنگھ نے کہا کہ حکومت آنے والے سالوں میں غریبوں کیلئے تین کروڑ مکانات تعمیر کرنے کیلئے عہد بند ہے۔ اِس سے قبل، اپوزیشن کے اراکین نے NEET کے معاملے پر ایوان سے واک آوٹ کیا۔

راجیہ سبھا میں، جب آج صبح کارروائی شروع ہوئی تو چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے، NEET امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں سے متعلق اپوزیشن اراکین کے ذریعے پیش کردہ التوا کے نوٹسوں کو مسترد کردیا۔ بعد میں، ایوان میں، دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث دوبارہ شروع ہوئی۔ بحث جاری ہےx

## Amit Criminal Laws

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ آج سے نافذ ہونے والے تین فوجداری قانون، ملک میں انتہائی جدید فوجداری کے منصفانہ نظام کی راہ ہموار کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ فوجداری کا منصفانہ نظام، آزادی کے بعد اب مکمل طور پر 'سودیشی' ہے اور بھارتی معاشرتی نظام کے عین مطابق ہے۔ تین فوجداری قوانین کے بارے میں نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ نئے قوانین، تیز رفتاری اور متاثر ہونے والے کے حقوق کو یقینی بنائیں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس سے قبل، صرف پولیس کے حقوق کا ہی تحفظ کیا جاتا تھا، لیکن اب متاثر ہونے والے اور شکایت کنندگان کے حقوق کو بھی تحفظ حاصل ہوگا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ نئے قوانین میں خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کو ترجیح دی گئی ہے۔

انھوں نے کہا کہ نئے قوانین میں ماب لنچنگ کے خلاف بھی گنجائشیں ہیں۔

S/B 2100 Amit Shah

جناب شاہ نے یہ کہتے ہوئے اپوزیشن کی سرزنش کی کہ وہ اِن قوانین کے بارے میں جھوٹ پھیلا رہے ہیں۔x

## India-Pak Prisoners

بھارت اور پاکستان نے، نئی دلّی اور اسلام آباد میں سفارتی چینلوں کے ذریعے، ایک دوسرے کے ملک میں زیرتحویل شہری قیدیوں اور ماہی گیروں کی فہرستوں کا آج تبادلہ کیا۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ بھارت نے 336 شہری قیدیوں اور 86 ماہی گیروں کے نام شراکت کئے ہیں جو اس کی تحویل میں ہیں۔ یہ افراد یا تو پاکستانی ہیں یا اُن کے پاکستانی ہونے کا امکان ہے۔ پاکستان نے اُن 43 شہری قیدیوں اور 211 ماہی گیروں کے نام شراکت کئے ہیں جو یا تو بھارتی ہیں یا اُن کے بھارتی ہونے کا امکان ہے۔ اس طرح کی فہرستوں کا تبادلہ، سفارتی رسائی 2008 سے متعلق باہمی سمجھوتوں کی گنجائشوں کے تحت، ہر سال یکم جنوری اور یکم جولائی کو کیا جاتا ہے۔

نئی دلّی نے شہری قیدیوں، ماہی گیروں کے ساتھ ساتھ اُن کی کشتیوں اور لاپتہ بھارتی دفاعی عملے کے افراد کو پاکستان کی تحویل سے جلد از جلد رہا کرنے اور واپس بھیجنے پر زور دیا ہے۔ پاکستان سے کہا گیا ہے کہ وہ اُن 185 بھارتی ماہی گیروں اور شہری قیدیوں کی رہائی اور واپسی کے عمل میں تیزی لائے جنھوں نے اپنی سزا پوری کرلی ہے۔ پاکستان سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اُن 47 شہری قیدیوں اور ماہی گیروں تک فوری سفارتی رسائی فراہم کرے جو پاکستان کی تحویل میں ہیں اور جن کے بارے میں باور کیا جاتا ہے کہ وہ بھارتی ہیں نیز یہ کہ جنھیں ابھی تک سفارتی رسائی فراہم نہیں کی گئی ہے۔ بھارت نے پاکستان پر زور دیا ہے کہ وہ بھارت کی تحویل میں اُن 75 شہری قیدیوں اور ماہی گیروں کی شہریت کی توثیق کرنے کے عمل میں تیزی لائے جن کے بارے میں باور کیا جاتا ہے کہ وہ پاکستانی ہے اور جن کی واپسی، پاکستان کی جانب سے قومیت کی تصدیق کی ضرورت کی بنا پر التوا میں ہے۔ حکومت کی پائیدار کاوشوں کے نتیجے میں، 2014 سے اب تک پاکستان سے 2 ہزار 639 بھارتی ماہی گیروں اور 75 بھارتی قیدیوں کو پاکستان سے واپس لایا جاچکا ہے۔x

## PM Digital India

وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈیجیٹل انڈیا پہل کے 9 سال کامیابی کے ساتھ مکمل ہونے کی ستائش کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ڈیجیٹل انڈیا ایک بااختیار بھارت کی عکاسی کرتا ہے جو زندگی گزارنے میں آسانی اور شفافیت کو فروغ دیتا ہے۔ انھوں نے گذشتہ دہائی میں کی گئی کوششوں کی جھلکیاں بھی شراکت کیں۔ ڈیجیٹل انڈیا مہم کی وجہ سے، اب گیارہ کروڑ سے زیادہ کسان براہِ راست اپنے بینک کھاتوں میں پیسہ وصول کرتے ہیں، جو کہ کناڈا اور فرانس دونوں کی آبادیوں سے زیادہ ہے۔ 137 کروڑ سے زیادہ آدھار نمبر وضع کئے گئے ہیں جو کہ ہر ایک بھارتی کیلئے ایک منفرد ID ہے اور جو ڈیجیٹل شناخت کے ساتھ لاکھوں لوگوں کو بااختیار بنا رہی ہے۔ ڈیجی لاکر کے ذریعے 674 کروڑ سے زیادہ دستاویزات جاری کی گئی ہیں۔بھارت نیٹ نے چھ اعشاریہ آٹھ تین لاکھ کلو میٹر آپٹیکل فائبر نیٹ ورک کی لائن بچھائی ہے جو کہ کرۂ ارض کا 17 مرتبہ احاطہ کرسکتی ہے۔ UPI لین دین سے 535 لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ کے لین دین ہوئے ہیں۔ 34 اعشاریہ چھ کروڑ سے زیادہ آیوشمان کارڈ بنائے گئے ہیں اور یہ تعداد امریکہ کی آبادی سے زیادہ ہے۔ 9 کروڑ سے زیادہ فاسٹ ٹیگ جاری کئے گئے ہیں اور یہ تعداد 2023 میں دنیا بھر میں تیار کی گئی گاڑیوں کی تعداد کے تقریباً برابر ہے۔x

## PM Doctor Day

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج تمام ڈاکٹروں کو ڈاکٹروں کے دن کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے کہا کہ یہ دن ملک کے حفظانِ صحت کے ہیروز کی ہمدردی کے جذبے کو اعزاز بخشتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ وہ قابل ستائش مہارت کے ساتھ انتہائی مشکل چیلنجوں کا سامنا کرسکتے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت بھارت میں حفظانِ صحت کے نظام کو بہتر بنانے اور ڈاکٹر جس عزت واحترام کے حقدار ہیں انھیں وہ عزت ملے۔ اسے یقینی بنانے کیلئے بھی پر عزم ہے۔ وزیر اعظم نے ڈیجیٹل انڈیا پہل کے کامیابی کے ساتھ نو سال مکمل ہونے پر بھی خوشی کا اظہار کیا ہے۔ ایک اور سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ڈیجیٹل انڈیا خود انحصار بھارت کی علامت ہے جو زندگی میں آسانیوں کو فروغ دینے اور شفافیت کی علمبردار ہے۔ انھوں نے پچھلی دہائی میں اس کی کامیابی کا بھی ذکر کیا۔

## PM CA Day

وزیراعظم نریندر مودی نے آج Accountants کے دن کے موقع پر تمام Chartered Accountants کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اقتصادی منظر نامے کی تشکیل میں Chartered Accountants ایک اہم رول ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ Chartered Accountants کو مہارت اور اسٹریٹیجک بصیرت کاروباروں اور ان جیسے پیشہ ور افراد کے لیے فائدے مند ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ Chartered Accountants معاشی ترقی اور استحکام میں اہم رول نبھاتے ہیں۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ CAs ، عوام کی اقتصادی بہتری کے لیے دوسروں کی ہی طرح اہم ہیں۔x

## Court Patkar

آج دلّی کی ایک عدالت نے، دو دہائی پرانے اہانت آمیزی کے کیس میں، سماجی کارکن میگھا پاٹکر کو پانچ مہینے کی قید سنائی۔ یہ معاملہ دلّی کے موجودہ لیفٹیننٹ گورنر ونے کمار سکسینہ نے درج کرایا تھا۔ ساکیت عدالت کے میٹرو پولیٹن مجسٹریٹ راگھو شرما نے 25 مئی کو محترمہ پاٹکر کو، بھارتی پنل کوڈ کی دفعہ 500 کے تحت، اہانت کرنے کے جرم کیلئے قصوروار قرار دیا تھا۔ 2001 میں جناب سکسینہ نے محترمہ پاٹکر کے خلاف ایک معاملہ درج کرایا تھا جو اُن کے ذریعے جاری ایک پریس ریلیز کے ذریعے اُن کی اہانت کرنے کیلئے تھا۔ انھوں نے گجرات کے احمدآباد میں ایک مقامی عدالت سے رجوع کیا تھا، جس نے اِس خلاف ورزی کا جائزہ لیا تھا۔ جناب سکسینہ اُس وقت نیشنل کونسل فار سول لیبرٹیز نامی ایک NGO کے صدر تھے۔

سپریم کورٹ کے حکم کے بعد، 2002 میں اِس معاملے کو ساکیت عدالت میں بھیج دیا گیا تھا۔ عدالت نے محترمہ پاٹکر کو قصوروار قرار دیتے ہوئے کہا کہ اُن کا ردِّعمل جان بوجھ کر اور نازیبا تھا۔x

## IMD Monsoon

جنوب مشرقی مانسون راجستھان، ہریانہ، پنجاب کے کچھ اور حصوں اور پورے چنڈی گڑھ کی طرف مزید پیش رفت کر رہا ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات نے کہا کہ راجستھان، ہریانہ کے بقیہ حصوں اور پنجاب میں اگلے دو سے تین دنوں میں جنوب مغربی مانسون کے مزید پیش رفت کرنے کے لیے حالات سازگار ہیں۔ اگلے چار سے پانچ دنوں کے دوران شمال مغربی، مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں مانسون کے فعال رہنے کے قوی امکانات ہیں۔ پچھلے 24 گھنٹوں میں میگھالیہ، اتراکھنڈ اور گجرات کے دور دراز کے علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش ہوئی ہے۔ جبکہ ہریانہ، تمل ناڈو، اڈیشہ، مغربی بنگال اور سکم، تریپورہ اور آسام کے دور دراز کے علاقوں میں شدید سے شدید ترین بارش ہوئی ہے۔

راجستھان، اترپردیش، چھتیس گڑھ، کونکن اور گوا، مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، بہار، کیرالہ، کرناٹک اور اروناچل پردیش کے دور دراز کے علاقوں میں بھی شدید بارش ہوئی ہے۔×

## Turkiye Gas Explosion

ترکیہ کے مغربی صوبے اِزمیر میں ہوئے قدرتی گیس کے دھماکے میں پانچ لوگ ہلاک ہو گئے اور کم از کم 60 افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں کم از کم دس لوگوں کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ سرکاری ذرائع ابلاغ کے مطابق، یہ دھماکہ توربالی ضلع میں کل ایک عمارت کی زمینی منزل پر ہوا۔

اِزمیر کے گورنر سلیمان ایلبان نے کہا کہ اِس دھماکے سے اطراف کی گیارہ عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے۔ گورنر نے مزید کہا کہ احتیاطی قدم کے طور پر گیس سپلائی منقطع کر دی گئی ہے اور علاقے کو خالی کرایا جا رہا ہے۔×

## Women Cricket with VC

خواتین کرکٹ میں، بھارت نے جنوبی افریقہ پر 10 وکٹ کی زبردست جیت درج کی۔ یہ ٹیسٹ میچ آج شام چنئی کے MA چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔

V/C Swati Rakheja

پہلی اننگز میں شیفالی ورما کی پہلی ڈبل سنچری اور اسمرتی مندھانا کی سنچری کی بدولت بھارت نے بلے بازی میں زبردست کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چھ وکٹ کے نقصان پر 603 رن بنائے۔ جواب میں جنوبی افریقہ کی خواتین ٹیم نے مضبوط شروعات کی تاہم 266 رن پر آل آؤٹ ہوگئی۔ سنیہہ رانا نے آٹھ وکٹ لیے۔ اس طرح جنوبی افریقہ کو فالو آن کا سامنا کرنا پڑا۔ دوسری اننگز میں جنوبی افریقہ نے بہتر شروعات کی۔ Laura Wolvaardt اور Sune Luus نے سنچریاں بنائیں تاہم جنوبی افریقہ کی پوری ٹیم 373 رن ہی بنا سکی۔ دونوں اننگز میں پوری کوشش کے باوجود جنوبی افریقہ کی ٹیم 36 رن کی برتری ہی حاصل کر سکی۔ دیپتی شرما، راجیشوری گائیکواڈ اور سنیہہ رانا نے دو-دو وکٹ لیے۔

جواب میں بھارتی ٹیم نے دوسری اننگز کے 37 رن کے معمولی اسکور کو آج چوتھے دن آسانی سے حاصل کر لیا۔ اس میچ میں کرکٹ کے کئی نئے ریکارڈ وجود میں آئے۔ پہلی اننگز کے 603 رن کی بدولت بھارت نے خواتین

ٹسٹ کرکٹ کا اب تک کا سب سے بڑا اسکور کھڑا کیا۔ اس طرح بھارت فرسٹ کلاس کرکٹ میں 600 کے ہندسے کو عبور کرنے والی پہلی ٹیم بن گئی۔ اسی طرح اسمرتی مندھانا اور شیفالی ورما نے پہلی اننگز میں 292 رن کی ساجھیداری کے ذریعے تاریخ رقم کی جو دنیا میں سب سے زیادہ رن کی سلامی ساجھیداری ہے۔ وہیں شیفالی ورما نے 205 رن بنائے جو خواتین ٹسٹ کرکٹ کی تاریخ میں سب سے تیز رفتار دوہری سنچری ہے۔ اسی طرح سنیہہ رانا، خواتین ٹسٹ کرکٹ میں 8 وکٹ لینے والی تیسری گیندباز بن گئی ہیں۔

اسپورٹس ڈیسک سے سواتی رکھیجا کی رپورٹ کے ساتھ میں ضمیر رضوی

تین T-20 بین الاقوامی کرکٹ میچوں کی سیریز میں اب بھارت کا سامنا جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ اس سے پہلے بھارت نے بینگلورو میں کھیلی گئی تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز میں جنوبی افریقہ کو تین-صفر سے ہرا دیا تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆